پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، A-21، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون نمبر: 042-99260209,99260270,71,72 ای میل: coe.pbte@yahoo.com, commercepbte@gmail.com

مراسلہ نمبر: پی بی ٹی ای/کامرس اینڈ ووکیشنل/2026/ 991 **(SAY NO TO CORRUPTION)** مورخہ: 13-10-2026

بنام

تمام پرنسپل صاحبان

بورڈ سے ملحقہ تمام گورنمنٹ اور پرائیویٹ ادارہ جات (پنجاب اور گلگت بلتستان)۔

عنوان:۔ امتحانی شیڈول برائے میٹرک ٹیک اور میٹرک ووکیشنل دوسرا سالانہ امتحان، 2026۔

اطلاع تحریر ہے کہ میٹرک ٹیک اور میٹرک ووکیشنل دوسرا سالانہ امتحان، 2026 کے سلسلہ میں امتحانی داخلہ جات کی وصولی اور امتحانات کا انعقاد درج ذیل تواریخ کے مطابق ہوگا۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	تفصیل	تواریخ
1	آغاز امتحانات۔	18-12-2026
نمبر شمار	**شیڈول برائے امتحانی داخلہ جات**	**تواریخ**
1	سنگل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور سنگل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	05-11-2026
	سنگل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	10-11-2026
2	ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ڈبل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	12-11-2026
	ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	17-11-2026
3	ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ٹرپل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	19-11-2026
	ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کا فائنل پرنٹ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	24-11-2026
4	ٹرپل امتحانی فیس کے ساتھ داخلہ جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد ہارڈ شپ کیسز کا امتحانی داخلہ ٹرپل امتحانی فیس بمعہ -/500 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ۔	30-11-2026

نمبر شمار	تفصیل امتحانی فیس برائے داخلہ جات	سنگل فیس	ڈبل فیس	ٹرپل فیس
1	امتحانی فیس برائے تھیوری امتحانات۔	1320/-	2640/-	3960/-
2	امتحانی فیس برائے پریکٹیکل امتحانات۔	430/-	860/-	1290/-
3	ڈیٹا پراسیسنگ فیس (دفتر بورڈ کیلئے مبلغ -/800 روپے اور ادارہ کے امتحانی ڈیٹا پراسیسنگ سٹاف + دیگر اخراجات کیلئے مبلغ -/170 روپے)۔	970/-	970/-	970/-
4	رزلٹ کارڈ فیس + پوسٹل چارجز۔	540/-	540/-	540/-
5	CCTV کیمرہ چارجز۔	50/-	50/-	50/-
	ٹوٹل =	3310/-	5060/-	6810/-

نوٹ: آن لائن لاگن دستیاب نہ ہونے کی صورت میں فوری کاروائی کیلئے ای میل ایڈریس webmasterpbte@gmail.com پر ای میل کریں اور فون نمبر 042-99260284 پر رابطہ کریں۔

1۔ جو امیدوار داخلہ کا اہل نہ ہو۔ اس کا داخلہ مینول یا کسی طور پر دفتر بورڈ کو نہ بھجوایا جائے۔

2۔ ہر سال ہر کورس کی مقرر کردہ امتحانی فیس الگ الگ بورڈ ویب سائٹ پر دستیاب آن لائن چالان فارم کے تحت یونائیٹڈ بنک کی کسی بھی برانچ کے ذریعے بورڈ ہذا کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں۔ منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوائی گئی فیس قابل قبول نہ ہوگی۔

3۔ تمام امیدواران کا ایڈمیشن ڈیٹا آن لائن فیڈ کرنا لازمی ہے تاہم ڈویژن امپرومنٹ والے امیدواران کا مینول ایڈمیشن فارم پر کر کے (تصدیق شدہ) جمع کروائیں۔ آن لائن ڈیٹا فیڈنگ کرتے وقت Tick/Cross احتیاط سے لگائیں کیونکہ غلط Tick/Cross لگنے کی وجہ سے کسی امیدوار کی فیس کسی دوسرے امیدوار کیلئے تبدیل نہیں ہوگی۔ مقررہ شیڈول کے بعد تمام Tick/Cross شدہ امیدواران کا ایڈمیشن ڈیٹا خود بخود Lock ہو جائے گا اور کوئی تبدیلی نہیں ہو سکے گی۔

4۔ اصل بنک چالان اور بنک چالان کی ایک فوٹو کاپی ایڈمشن ڈیٹا لسٹ کے ایک فائنل پرنٹ سے منسلک کر کے دفتر بورڈ کے کمرہ نمبر 24 میں اکاؤنٹس آفیسر کے پاس جمع کروائیں نیز ایڈمیشن ڈیٹا لسٹ کا دوسرا فائنل پرنٹ اکاؤنٹس آفیسر سے مہر لگوا کر کمرہ نمبر 35 میں اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (کامرس اینڈ ووکیشنل) کے پاس جمع کروائیں۔ بذریعہ ڈاک ہر کوریئر سروس بھجوائی گئی ڈیٹا لسٹیں قابل قبول نہ ہوں گی۔ بصورت دیگر تاخیر کی تمام تر ذمہ داری ادارہ پر عائد ہوگی۔

5۔ امتحان کے دوران امیدواران کی شناخت کیلئے ضروری ہے کہ امیدواران کی رول نمبر سلپ A4 سائز کے کاغذ پر پرنٹ کریں۔

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ پی ایس ٹو سیکرٹری، سکلز ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب، لاہور۔

2۔ ایس اے ٹو چیئر پرسن، پی ایس ٹو چیف آپریٹنگ آفیسر، زونل ڈائریکٹر (سینٹرل، ساؤتھ اور نارتھ)، تمام ڈپٹی زونل ڈائریکٹرز اور تمام ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر ٹیوٹا۔

3۔ پی ایس ٹو چیئرمین، پی اے ٹو سیکرٹری، پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (کنڈکٹ ہر سیکریسی)، چیف سیکریسی آفیسر، پبلک ریلیشنز آفیسر، ویب ایڈمنسٹریٹر اور تمام متعلقہ برانچ آفیسر بورڈ ہذا۔

4۔ سربراہان تمام الحاق شدہ (گورنمنٹ و پرائیویٹ) ادارہ جات۔